# 28-03-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆سخت سکیورٹی انتظامات کے درمیان محبوب نگرلوک اتھارٹیز حلقہ کے ایم ایل سی رکن کیلئے ضمنی انتخاب کا انعقاد پرامن طریقہ سے عمل میں آیا۔ 99.86فیصد رائے دہی درج کی گئی۔

☆راجیہ سبھا کے رکن اور بھارتیہ جنتا پارٹی کے نیشنل او بی سی مورچہ صدر ڈاکٹر لکشمن نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ سابقہ حکومت کے دور میں پیش آئے فون ٹیاپنگ معاملہ کی سی بی آئی تحقیقات کی جائے۔

☆صدر جمہوریہ ہند دروپتی مرمو نے آج خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انفراسٹرکچر اور تعمیراتی پراجکٹ ماحول دوست اور انرجی ایفیشنٹ طرز پر تعمیر ہونے چاہئے۔

☆محکمہ انکم ٹیکس حیدرآباد نے چوبیس گھنٹے کنٹرول روم کا قیام عمل میں لایا ہے تاکہ ریاست میں مجوزہ لوک سبھا انتخابات کے ضمن میں غیر قانونی نقد رقم اور زیوارات کے بیجا استعمال کو روکا جاسکے۔

☆☆☆☆☆

صدر جمہوریہ ہند دروپتی مرمو نے آج خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انفراسٹرکچر اور تعمیراتی پراجکٹ ماحول دوست اور انرجی ایفیشنٹ طرز پر تعمیر ہونے چاہئے۔ راشٹراپتی بھون میں آج سنٹرل پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ CPWD کے اسسٹنٹ ایگزیکٹیو انجینئرس کے گروپ کو مخاطب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ عمارتیں، سڑکیں اور دیگر انفراسٹرکچر ماحول دوست، مضبوط و پائیدار اور انرجی ایفیشنٹ ہونے چاہئے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ انجینئرس کو اختراعی صلاحیتوں کو پروان چڑھانا چاہئے تاکہ وہ حالات اور چیلنجس کا مقابلہ کرسکیں۔ صدر جمہوریہ نے نوجوان انجینئرس سے بھی درخواست کی کہ وہ بندخول سے باہر نکلیں اور نئی ٹکنالوجی اور اختراعی صلاحیتوں کو اپنے اندر پروان چڑھائیں۔

☆☆☆☆☆

آل انڈیا بینک ایمپلائیز اسوسی ایشن AIBEA نے چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار سے درخواست کی ہے کہ وہ مجوزہ لوک سبھا عام انتخابات 2024 میں ایسے امیدواروں کو باہر کریں جو بینک کے بقایہ جات یا لون باقی ہوں۔ راجیو کمار کو لکھے گئے مکتوب میں AIBEA کے جنرل سکریٹری سی وینکٹا چلم نے کہا کہ اسوسی ایشن کی جانب سے مطالبہ کیا جارہا ہے کہ آر بی آئی ایکٹ میں ترمیم کے ذریعہ اس طرح کا قانون بنایا جائے کہ لون ڈیفالٹر انتخابات میں حصہ لینے کیلئے اہل قرار نہ پائیں اور ان افراد کی فہرست بھی جاری کرنے کی اجازت دی جائے اور اس جرم کو مجرمانہ سرگرمی قرار دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے بڑے لونس لیکر ادا نہ کرنے کی وجہ سے بینکوں کو خسارہ ہورہا ہے۔ وینکٹا چلم نے الیکشن کمیشن سے مطالبہ کیا کہ ایسے افراد کو انتخابات میں حصہ لینے سے روک دیا جائے۔

☆☆☆☆☆

سخت سکیورٹی انتظامات کے درمیان محبوب نگرلوک اتھارٹیز حلقہ کے ایم ایل سی رکن کیلئے ضمنی انتخاب کا انعقاد پرامن طریقہ سے عمل میں آیا۔ محبوب نگر لوکل اتھارٹی الیکشن کاسی ریڈی نارائن ریڈی کے اسمبلی انتخابات میں حصہ لیکر کلواکرتی حلقہ سے کامیابی حاصل کرنے کے بعد عمل میں آیا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج دوپہر کوڑنگل میں اپنے حق رائے دہی سے استفادہ کیا۔ جملہ ایک ہزار چارسو انچالیس رائے دہندگان میں منتخب عوامی نمائندے بشمول میونسپل وارڈس، زیڈ پی ٹی سیز اور ایم پی ٹی سیز اور منڈل پریشد کے صدور شامل ہیں۔ کانگریس سے منے جیون ریڈی انتخابی میدان میں ہیں جبکہ بھارتیہ راشٹراسمیتی بی آر ایس سے این نوین کمار ریڈی انتخابی مقابلہ کررہے ہیں۔ جبکہ سدرشن گوڑ آزاد امیدوار کی حیثیت سے انتخاب لڑرہے ہیں۔ عہدیداروں کے مطابق انتخابی اوقات ختم ہونے تک ایک ہزار چارسو انچالیس رائے دہندگان کے منجملہ ایک ہزار چارسو سینتیس رائے دہندوں نے حق رائے دہی سے استفادہ کیا اور اس طرح 99.86 فیصد رائے دہی درج کی گئی۔

☆☆☆☆☆

نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی NTA کی جانب سے ایڈوانس اینٹی میشن سلیپ جاری کی گئی ہے۔جس کے تحت اس سال منعقد ہونے والے جی ای مینس امتحانات کے دوسرے مرحلہ کیلئے امتحانی مراکز کے شہروں کے ناموں کا اعلان کیا گیا ہے۔ ملک بھر میں تین سوانیس شہروں میں یہ امتحانات چار اپریل سے بارہ اپریل کے درمیان منعقد ہونے جا رہے ہیں۔جس میں سے 22 بیرون ملک کے شہر بھی شامل ہیں۔ یہ امتحان دوشفٹوں میں روزانہ صبح اور شام کے اوقات میں منعقد ہوں گے۔

☆☆☆☆☆

بھارتیہ جنتا پارٹی کی اعلیٰ کمان نے آج سینئر قائداور کرناٹک سے چار مرتبہ رکن اسمبلی رہےابھئے پاٹل کوتلنگانہ میں مجوزہ لوک سبھا انتخابات کیلئے پارٹی کا انچارج مقرر کیا ہے۔ ابھئے کمار سابق میں چھتیس گڑھ، گوا کے اسمبلی انتخابات کے موقع پر پارٹی کے الیکشن انچارج کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکے ہیں جبکہ مہاراشٹرا میں بھی انہوں نے اہم انتخابی امور کی دیکھ بھال کی ہے۔وہ براہ راست بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا اور مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کو جوابدہ ہوں گے۔

☆☆☆☆☆

تاریخی شہر حیدرآباد میں رمضان کی رونقیں دیکھنے لائق ہیں۔فرزندان توحید نمازوں،عبادات، ریاضت، ذکرواذکار،توبہ، استغفار، دعاوں، اورادائیگی زکوۃ وفطرہ میں مصروف ہیں۔لوگ اس ماہ مقدس کی ایک ایک ساعت کوقیمتی جان کر خالقِ ارض وسماں کومنانے، بندگی کا حق ادا کرنے اور زیادہ سے زیادہ تلاوت قرآن مجید میں سرگرم عمل ہیں۔ مساجد، درگاہوں، بارگاہوں اور خانقاہوں میں عبادات کے روح پرور مناظر دیکھے جا رہے ہیں۔دوسری طرف قرآن پاک کے نزول کے اس رحمتوں، برکتوں، سعادتوں اور فضیلتوں والے بابرکت ماہ میں شہر کوخصوصیت کے ساتھ سجایا اور سنوارا گیا ہے۔ بازاروں میں خریداروں کا ہجوم دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔شہر کے بازاروں میں خریداری عروج پر ہے۔ ماقبل اور مابعد افطار کپڑوں اور دیگر سامان کی خریداری زوروشور سے جاری ہے جس کا سلسلہ رات دیر گئے تک اور پھر سحری تک بھی جاری ہے۔ بازاروں میں ہر قسم کے ملبوسات دیکھنے کومل رہے ہیں اور کئی مقامات پر کپڑوں کے اسٹالس بھی لگائے گئے ہیں جہاں عوام کا ہجوم دیکھا جا رہا ہے۔ مختلف ورائیٹیز، پروڈکٹس اوراشیالوگوں بالخصوص خواتین کواپنی طرف راغب کر رہی ہے۔کئی تاجروں نے اس سال عید کی شاپنگ کے لئے لگائے گئے اسٹالس پر عوام کے ہجوم اور بہتر ردعمل پر مسرت کا اظہار کیا اور کہا کہ ان کی فروخت کافی اچھی ہو رہی ہے۔کرتا پائجامہ، ڈریس مٹیریل،چکن کاری سوٹ اور ہمہ اقسام کے کپڑوں کے یہاں پر اسٹالس اور دکانات لگائی گئی ہیں جوعوام کی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔دوسری طرف حلیم کی بھی دھوم ہے۔حلیم کی مختلف ورائیٹیز یہاں دیکھنے کومل رہی ہیں جس کا مزہ چکھنے کے لئے ریاست کے مختلف مقامات سے لوگ پرانے شہر حیدرآباد کا رخ کر رہے ہیں۔ یہاں کی حلیم کافی مشہور ہے۔عصر کے بعد سے ہی لوگ حلیم خریدنے کے لئے ان ہوٹلوں کا رخ کر رہے ہیں جس سے سڑکوں پر ٹریفک جام بھی ہو رہی ہے۔

☆☆☆☆☆

محکمہ انکم ٹیکس حیدرآباد نے چوبیس گھنٹے کنٹرول روم کا قیام عمل میں لایا ہے تا کہ ریاست میں مجوزہ لوک سبھا انتخابات کے ضمن میں غیر قانونی نقد رقم اور زیوارات کے بیجا استعمال کو روکا جاسکے۔ لوک سبھا انتخابات ریاست میں تیرہ مئی کو منعقد ہوں گے۔کنٹرول روم چوبیس گھنٹے سات دن کام کرے گا۔محکمہ انکم ٹیکس کی جانب سے آج یہ بیان جاری کیا گیا۔شہریوں کواطلاع دی گئی ہے کہ وہ کسی بھی طرح کے غیر قانونی رقمی لین دین سے متعلق ٹول فری نمبر 1788- 425 - 1800 یا لینڈ لائن نمبر 040-23426201 یا 040-23426202 پر اطلاع دیں۔ یا واٹس ایپ نمبر 8688701400 یا ای میل آئی ڈی cleantelanganaelections@incometax.gov.in پر اپنا پیغام بھیجیں۔

☆☆☆☆☆

میڈے پلی پولیس نے بی جے پی رکن پارلیمنٹ بنڈی سنجے اور دیگر کے خلاف مبینہ طور پر میڈے پلی علاقہ کے چنگی چرلہ میں پولیس عہدیداروں کوان کی ڈیوٹی انجام دینے سے روکنے پر کیس درج کیا ہے۔کل احتجاجی ریالی کے دوران یہ واقعہ پیش آیا تھا۔ واضح رہے کہ بنڈی سنجے نے دیگر پارٹی ورکرس کے ساتھ چنگی چرلہ گاؤں میں ریالی نکالی تھی جہاں اتوار کے دن ہولی کے موقع پر میوزک بجانے کولیکر تنازعہ پیش آیا تھا۔اس موقع پر بنڈی سنجے اوران کے پارٹی کارکنوں نے پولیس رکاوٹوں کوتوڑ دیا اور مبینہ طور پر پولیس عہدیداروں کوڈھکیل کر گاؤں میں داخل ہوئے۔اس دوران تین پولیس عہدیداروں کو چوٹیں بھی آئی ہیں۔ آئی پی سی کی دفعات 332، 353، 143r/w، 149 درج کی گئی ہیں۔

لائیٹ کمبیاٹ ایئرکرافٹ طیارہ تیجاس MK 1A نے بنگلور کے ہندوستان ایروناٹیکس لمیٹیڈ سے پہلی اڑان بھری۔ یہ ایڈوانس طیارہ ایڈوانس الیکٹرانک ریڈار، وار فیئر،کمیونکیشن سسٹم اور کمبیاٹ صلاحیتوں سے لیس ہے۔ یہ طیارے ہوا سے ہوا میں ایندھن بھرنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔

☆☆☆☆☆

انڈین میٹرولوجیکل ڈپارٹمنٹ IMD کی جانب سے عوام کیلئے سخت موسم کے پیش نظر احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے چونکہ آئندہ ہفتوں میں درجہ حرارت میں مزید اضافہ کا امکان ہے۔IMD حیدرآباد کے سائنسداں ڈاکٹر اے شراونی نے کہا کہ اپریل کے پہلے ہفتہ میں درجہ حرارت میں اضافہ کا امکان ہے۔ جبکہ دوسرے ہفتہ میں دھوپ کی شدت میں کسی حدتک کمی ہوسکتی ہے۔ انہوں نے حیدرآباد کے بشمول ریاست تلنگانہ کی عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ریاست میں تیز دھوپ کے پیش نظر احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ آج اعظم ترین درجہ حرارت 37.6 ڈگری سلیس ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ تین دنوں میں اوسطاً درجہ حرارت 38 سے 39 ڈگری سلیس کے رہے گا۔

☆☆☆☆☆

راجیہ سبھا کے رکن اور بھارتیہ جنتا پارٹی کے نیشنل او بی سی مورچہ صدر ڈاکٹر لکشمن نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ سابقہ حکومت کے دور میں پیش آئے فون ٹیاپنگ معاملہ کی سی بی آئی تحقیقات کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملہ میں ملوث افراد کے خلاف سخت کاروائی ہونی چاہئے۔ حیدرآباد میں میڈیا نمائندوں کومخاطب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی یہ اخلاقی ذمہ داری ہے کہ وہ اس معاملہ میں ملوث افراد کومنظر عام پر لائے اور سخت کاروائی کی جائے۔

☆☆☆☆☆

چیوڑلہ سے بی جے پی کے امیدوار کونڈاویشیشور ریڈی پرجا آشیرواد یاترا کا سری سیتارام چندرامندراماں پلی شمس آباد سے آغاز کیا جو چیوڑلہ پارلیمانی حلقہ کے تمام اسمبلی حلقہ جات کا احاطہ کرے گی۔ آشیرواد یاترا میں کاماریڈی کے رکن اسمبلی رامار یڈی نے شرکت کی اور ویشویشور ریڈی کی جیت کیلئے اس یاترا کو کامیاب بنانے اور مضبوطی سے کام کرنے کا کارکنان کومشورہ دیا۔ اس موقع پر پارٹی کے کارکنوں کی بڑی تعداد اور کونڈاویشویشور ریڈی کے چاہنے والوں کی بڑی تعداد موجود تھی جنہوں نے انتخابات میں ان کی جیت کیلئے کام کرنے کا عزم ظاہر کیا۔

☆☆☆☆☆

گورنر سی پی رادھا کرشنن نے گڈ فرائی ڈے کے موقع پر عیسائی برادری کے لئے دعائیہ کلمات کے ساتھ اپنی نیک خواہشات پیش کیں۔ راج بھون کے ذرائع کے مطابق گورنر نے کہا کہ گڈ فرائی ڈے ہماری زندگیوں میں پیار، محبت، بھائی چارہ کو پروان چڑھائے گا۔

☆☆☆☆☆